سوال

کیا کسی شخص کو قرآن پاک تحفہ کے طور پر دیا جا سکتا ہے ؟

جواب

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسلمان کو چاہیے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو تحائف دیتا رہے اس سے باہمی محبت بڑھتی ہے ۔

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

تَہَادُوا تَحَابُّو (الأدب المفرد : 594)) (صحیح)

آپس میں تحائف دیا کرو (اس سے) تم آپس میں محبت کرنے لگو گے ۔

قرآن مجید بہترین تحفہ ہے قرآن مجید تحفہ کے طور پر دینے والے کے لیے دہرا اجر ہے :

1- تحفہ دینے کا اجر، کیونکہ تحفہ دینا سنت ہے ۔

2- اس قرآن سے جو شخص تلاوت کرے گا اس کا بھی اجر تحفہ دینے والے کو ملے گا ۔

سیدنا ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

مَن دَلَّ عَلَی خَیرٍ فَلَہُ مِثلُ أَجرِ فَاعِلِہِ (صحیح مسلم ، الإمارۃ : 1893)

جس شخص نے کسی نیکی کا پتہ بتایا، اس کے لیے (بھی) نیکی کرنے والے کے جیسا اجر ہے ۔

واللہ أعلم بالصواب